Volume V
No. 3

SP.V-3-75(E)
300

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Friday, November 14, 1975**

CONTENTS

| | | Pages |
|---|---|---|
| Privilege and Adjournment Motions—*Deferred.* | ... | 165 |
| Resolution Re: PIA flights linking Jacobabad with Islamabad and Karachi—*Withdrawn.* | ... ... | 166 |
| Resolution Re : Energisation of WAPDA Tubewells in the south of Gambat Tehsil—*Withdrawn.* | ... ... | 176 |
| Resolution Re : Compulsory education upto fifth standard—*Deferred.* | ... ... ... ... | 186 |

PRINTED AT IBRAHIM SONS PRINTERS, I/S YAKKI GATE, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

### Friday, November 14, 1975

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half past nine of the clock in the morning, Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Qur'an.)

---

## PRIVILEGE AND ADJOURNMENT MOTIONS

جناب ڈپٹی چیئرمین : کوئی پریولیج موشن ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : آپ ذکر فرما رہے تھے پریولیج موشنز اور ایڈجرنمنٹ موشنز کا ۔ کل شام محترم وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور نے مجھ سے کہا تھا کہ وہ چونکہ نیشنل اسمبلی میں مصروف ہوں گے ۔ اس لئے میں اپنے پریولج موشن یا ایڈجرنمنٹ موشن کو کل زیر بحث لانے پر اصرار نہ کروں ۔ چونکہ وہ یہاں تشریف نہیں رکھتے لیکن چونکہ میں نے ان سے وعدہ کیا ہوا ہے ۔ اس لئے میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اب جیسے ہاؤس مناسب خیال کرے کر لیں ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

راؤ عبدالستار : ٹھیک ہے جناب کل کر لیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ٹھیک ہے ۔ آپ کی بھی موشنز ہیں اور بھی بہت سے دوستوں کی ہیں ، تو اگر سب دوستوں کی یہ رائے ہو تو کل کے لئے ملتوی کر دیں یا کسی بھی آئندہ دن کے لئے ملتوی کر دیں حاجی سید حسین شاہ صاحب کی اور سردار محمد اسلم صاحب کی پریولیج موشنز بھی ہیں ۔

So, all the privilege motions as well as the adjournment motions will be deferred for the next sitting of the Senate.

Now, we come to actual business of the day. It is No. 2 on the Orders of the Day :

"Further Discussion on the following motion of Mr. Afzal Khan."

## RESOLUTION RE : PIA FLIGHT LINKING JACOBABAD WITH ISLAMABAD AND KARACHI

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Mr. Chairman, I beg to seek your leave...

**Mr. Deputy Chairman :** Actually, you had moved your motion at No. 2, and we had a very lengthy discussion, and there were so many amendments proposed by most of the honourable Senators, and I actually observed that under the provisions in the Rules, an amendment cannot be allowed, if it changes the complexion of the original resolution but the Secretariat thinks that perhaps my observation was not in the form of a ruling, therefore, I have to announce that I hold because that day we had very lengthy academic discussions on various aspects and the angles of the resolution and amendments interpreted under the Rules I still hold, as I had obversed on that day, that an amendment which changes the complexion of the resolution is not an amendment within the purview of an amendment for a Resolution and, therefore, all those amendments moved by Mr. Farooq Ahmad Khan, Sardar Mohammad Aslam and Sheikh Umar Khan were actually of a nature that, if accepted, they would have changed the nature of the resolution, because the resolution simply wanted an airlink between Jacobabad and Karachi as well as Jacobabad and Islamabad. I, therefore, hold that those amendments were not within the purview of the Rules. I rule them out. Now, further discussions will be held on the original resolution.

If any of the honourable Members wants to utilise the service of PIA for their constituencies, for their home, towns they are free to move independent resolutions, independent motions. There is no bar for that. Thank you.

Mir. Afzal Khan Khoso now you can proceed.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, last time we had detailed discussions about this resolution and I emphasised the need for the PIA bringing its service to Jacobabad because Jacobabad, being a very backward area of Pakistan including the very backward area of that Province, my contention was, that PIA should start direct air-link services between Jacobabad and Karachi and Jacobabad Islamabad. It will serve not only Jacobabad anddistrict, which has a population of over seven lakh as it is, but it will also serve the adjoining districts of Baluchistan, for instance, Nasirabad and Sibi districts, and all these

people have no means of communications. The trains are almost over-crowded, and the bus services in our country are most out-dated. So, that is why I emphasised that PIA should start a service directly linking Jacobabad with these two most important cities—one has the importance of being the most commercial city in Pakistan, i. e. Karachi and another has the importance of being political centre, i. e. Islamabad. So, I had requested the House and moved this resolution on the floor that this House may adopt it, so that we also get the benefit of modern air services and modern air travel. We have a service from Sukkur. Even that is not a direct service between Sukkur and Islamabad. If one were to travel, one has got to board at Sukkur that goes to Multan, and he has to leave that plane and wait for another. Then again, he has to go to Lahore and from there he has to get a third plane to reach Islamabad. So, that is most inconvenient. Besides this Sukkur is 50 miles away from Jacobabad and we have no means of communications, proper means of communications, to reach Sukkur. So, Sir, I put it to the House. I think, I had spoken in detail, and all the Members participated in the debate last time. There is no need to go into these details now. The resolution is before the House.

**Mr. Deputy Chairman :** Khawaja Sahib, I want to know one thing. Now, the Minister for the Department concerned is actually not here although he is Member of the Senate as well. But if he is not here, and he does not participate in the proceedings, and still the House is of the opinion that a certain resolution should be adopted, the House is competent naturally to adopt that resolution but what will be the conse-quances of the resolution.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ تو ایک حکومت کے سامنے سفارش ہوتی ہے اور حکومت کو اس ایوان کے وقار کا پاس رکھنا چاہئے - ریزولیشن کو ویسے ضرور منظور کرنا چاہئے - میرے خیال میں یہ ایوان اس پر اچھی طرح غور و خوض کر لے اور پھر اس پر کارروائی ہونی چاہئے اور حکومت کی یقین دہانی ہونی چاہئے ورنہ اس معزز ایوان میں ریزولیوشن پاس کرنا اور پھر اس پر عمل نہ ہونا قدرے اچھی بات نہیں ہے - اگر عمل نہ ہوا تو پھر سمجھا جائے گا کہ اس معزز ایوان کی آواز میں کوئی اثر نہیں ہے - ویسے میری ذاتی رائے یہ ہے - - -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں اس لئے پوچھ رہا ہوں کہ کوئی یقین دہانی ہونی چاہئے پھر اس پر بات ہو سکتی ہے کیوں کہ ہم اس کی admissibility پر بات کریں اور اس طرح وقت ضائع ہو تو یہ ایوان کے وقار کا مسئلہ ہوگا - اس صورت میں - - - یس نورانی صاحب ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! دوران گفتگو ایوان کے وقار کے مسئلہ کا ذکر ہوا ہے ۔ اگر اس قسم کے ریزولیشن یہ ایوان منظور کر لے کہ اگر حکومت اس کو منظور نہ کرے تو ظاہر ہے کہ یہ اس ایوان کے وقار کا مسئلہ ہو گا کہ متفقہ ریزولیشن جا رہا ہے ، اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر نے سکھر کا تذکرہ فرمایا ہے ۔ انہوں نے غالباً اس پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے یا غالباً ڈالیں گے ، لیکن میں صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ سکھر ، جیکب آباد اور کراچی اتنی دور نہیں ہیں ۔ ۔ ۔

(مداخلت)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! یہ درمیان میں مداخلت کر رہے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ شاید آپ کی آواز نہیں سن رہے ہیں ۔

(مداخلت)

ملک محمد اختر (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) : جناب والا !

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! ملک اختر صاحب ۔ باتیں کو رہے ہیں جب ایڈجرنمنٹ موشنز اور پراوایج موشنز تھے تو یہ مصروف ہو گئے تھے ۔ اب معیاد ختم ہو گئی ہے تو پھر وہ تشریف لائے ہیں ۔ اور اب مداخلت کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) : میں نیشنل اسمبلی میں مصروف تھا ۔ اب میں آ گیا ہوں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اب تو وہ ختم ہو گئی ہیں اور موشنز پر بحث شروع ہو گئی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ تو متفقہ طور پر ملتوی کر دی ہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : وہ تو متفقہ طور پر کی گئی ہیں۔ جناب والا ! درمیان میں مداخلت کرنے کی بات آ گئی تھی ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ سکھر جو ہے وہ اتنا دور نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ اور ڈسٹرکٹ بھی ہیں جن کی آبادی ، لاکھ ہے تو پھر ان کو پی ۔ آئی ۔ اے کے ذریعے ملانے کے لئے ریزولیشن آنے شروع ہو جائیں گے ۔ جناب والا ! بے شمار افراد ایسے ہیں جو صوبہ سرحد سے تعلق رکھتے ہیں ، بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں ، سندھ سے تعلق رکھتے ہیں ، پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں ۔ لیکن ان کے علاقوں میں پی ۔ آئی ۔ اے کی پرواز شروع نہیں ہوئی ۔ اور اس طرح اس معزز ایوان کا وقت ضائع ہوگا ۔ اس لئے گذارش ہے کہ اس معزز ایوان کے وقت کو ضائع ہونے سے بچائیں ۔ جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ آپ چیمبر میں بیٹھ کر وزیر متعلقہ اور محرک سے بات کر لیں کہ یہ قابل عمل ہے کہ نہیں ۔ اس طرح ایوان کا وقت ضائع ہونے سے بچ جائے گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور یہ بتائیں کہ کیا رولز اجازت دیتے ہیں کہ ایک محدود طبقہ کے مسائل کے متعلق وزیر متعلقہ سے چیمبر میں بات ہو سکتی ہے ؟

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister of State for Parliamentary Affairs): Sir, I would like to have a minute to answer this question. I consider that it should be dealt with under Chapter XI.

**Mr. Deputy Chairman:** Chapter XI—Resolutions.

**Malik Mohammad Akhtar:** Chapter XI—Resolutions not mentioned in the Constitutions. It is page 64 and there is admissibility in respect of resolutions I consider Rule 115 deals with the form and contents of resolutions, and it says that it, "shall be in the form of a declaration of opinion by the Senate", that it should state to such a matter which is primarily the concern of the Government, and then it should be raising 'one definite issue'. These are three conditions. It should raise one specific issue substantial financial interest of the Central Government should be there, and then there are provisions to regulate the debate that it shall not contain arguments or refer to the conduct of a person except in his official capacity. I consider, Sir, that......

جناب ڈپٹی چیئرمین : لیکن admissibility کے لحاظ سے تو ۔

it is admissible and, therefore, we admitted it, but now, as Maulana Sahib has suggested that there can be decrease in the importance of a

certain resolution. A resolution will be admissible under the Rules but will not be very much important or will be less important. So, whether we cannot, if a resolution is admissible then it has to come before the House. Admissible text has come before the House and the House has to discuss that thing. I think, we wouldn't be able to discuss.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the resolutions are taken on the Private Members' Day and we should be very, very generous about these resolutions, and then resolutions are mere expression of opinion and certainly the Government takes due care to implement the resolutions and against to determine if they are against the public interest or are in the public interest. I consider that we should not adopt the ..

**Mr. Deputy Chairman :** Malik Sahib, actually, I think there was a small type of issue before the Senate. Before your coming to the House, we have been actually discussing that. After one minute......

قاضی صاحب آپ ایک منٹ تشریف رکھیں ۔ آج وزیر مملکت برائے دفاع اور امور خارجہ نہیں آئے ہیں اور PIA ان کا شعبہ بنتا ہے اور ہمیں ان کی رائے کا اندازہ نہیں ہے کہ جیکب آباد سے پی ۔ آئی ۔ اے کی سروس کو open کرنا کس حد تک ان کے لئے ممکن ہوگا اور اگر ہم متفقہ طور پر اس ریزولیوشن کو منظور کر لیتے ہیں اور اس کے بعد ہم یہ دیکھتے ہیں کہ باوجود ہمارے کہنے کے گورنمنٹ وہ کام نہیں کرتی یا نہیں کر سکتی تو یہاں اس ہاؤس نے متفقہ طور پر جو ریزولیوشن پاس کیا ہے تو اس سے ہاؤس کے وقار میں کوئی فرق تو نہیں آئے گا ۔ اس لئے ان حالات میں جب کہ ہم وزارت کی طرف سے اس issue کے متعلق کچھ نہیں جانتے ہیں ۔ اس ریزولیوشن کو متفقہ طور پر منظور کرنا کیسے ہو سکتا ہے ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** Resolutions adopted have got to be implemented but if there are certain hindrances which cannot be overcome after all. For instance, we take up this very resolution. The honourable Member may not be knowing the difficulties of the Government as there is nobody to explain those difficulties. Even if it is passed unanimously and even if the Minister concerned is agreeable to that, even then it is not possible for the Government to do a thing beyond financial means. I consider that impliedly it is an obligation on the Government but if there are some hindrances, the Government is not liable to any breach of privilege.

**Mr. Deputy Chairman :** It is not the question of breach of privilege.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the resolution is only a declaration of opinion.

**Mr. Deputy Chairman :** But the injury is to the vanity of the Senate. It is not the question of breach of privilege.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I confess that the Government should put all its efforts, all available sources to abide the commands of the Senate. But in case it is unable or in case of its failure in spite of its best efforts, there is no question, no privilege motion can be moved if a resolution is not implemented. I am not quite clear about that, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** We don't know the attitude of the Government how far it will be possible. Within their means to do this thing within a year or so. Yes, Mr. Qamaruz zaman Shah, do you want to enlighten the House.

**Syed Qamaruz zaman Shah :** Sir, I would humbly suggest that we defer this motion till such time the Minister concerned is present here, because I would not agree with the honourable Minister of State for Parliamentary Affairs. If we pass a resolution unanimously, without knowing whether it can or cannot be implemented, it would really be futile to pass the resolution. The Government has to take it seriously and if it is not taken seriously a privilege motion may be moved that possibility cannot be ruled out. Therefore, I would humbly say just a word about what Maulana Sahib has said. I think Maulana Sahib has perhaps never travelled from Jacobabad to Sukkur because he does not know what . . ...

**Mr. Deputy Chairman :** You never holds a 'Jalsa' there, therefore, you never invited him to Jacobabad.

**قاضی فیض الحق :** جناب چیئرمین ! باری تو میری تھی لیکن آپ نے قمرالزمان شاہ صاحب کو موقعہ دے دیا . . .

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ اعزاز ان کو مل گیا ۔

**قاضی فیض الحق :** میری بھی تجویز یہی تھی کہ مولانا صاحب نے جو فرمایا ہے کہ سکھر ، جیکب آباد سے اتنا نزدیک ہے تو انہوں نے اس طرف خیال نہیں کیا کہ جیکب آباد کے ساتھ بلوچستان کے بھی دو تین ڈسٹرکٹ adjourning ہیں اور خاص طور پر سردیوں میں جب درہ بولان block ہو جاتا ہے تو کوئٹہ پہنچنے کے لئے کوئی شخص کراچی جائے یا اسلام آباد آئے تو جیکب آباد زیادہ نزدیک پڑے گا ۔ اگرچہ وہ راستہ بھی صاف ہے اور تین چار لاکھ بلوچستان کی آبادی بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہے ۔

(مداخلت)

قاضی فیض الحق : نہیں جہاز تو جائے گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : لاہور اور کراچی میں PIA کے خرچ پر رکنے کی بجائے وہ جیکب آباد میں ٹھہرے ۔

قاضی فیض الحق : کوئٹہ میں جب برفباری ہوتی ہے تو کوئی جہاز نہیں آتا ہے اور ڈان کنٹری بائی روڈ آتا ہے اور سبی ، نصیر آباد ، مری اور بگٹی کا جو ایریا ہے وہ لوگ کوئٹہ جانے کے لئے air lift سے سفر کرتے ہیں ۔ تو بجائے کوئٹہ کے جیکب آباد بذات خود بھی سات لاکھ آبادی کا ضلع ہے اور ملک کی مشہور منڈی ہے ۔ اگر اس کو ایئر لنک provide کی جائے تو اس سے بلوچستان کے دو تین اضلاع کے لوگ بھی بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں اور اس تجویز کی بھی جو قمرالزمان شاہ صاحب نے پہلے پیش کی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ اپنی تجویز کی باری لے چکے ہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں معزز ممبران کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہماری معلومات میں اضافہ کیا کہ جیکب آباد کی شہری آبادی سات لاکھ ہے ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جیکب آباد ڈسٹرکٹ ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! انہوں نے جیکب آباد شہر فرمایا ہے ۔ میری عرض کا مقصد یہ نہیں تھا کہ جیکب آباد شہر کو یہ facilities نہ دی جائیں بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں ہوں ۔ لیکن اس قسم کے resolution میں قبل اس کے کہ جیسے اب یہ مسئلہ در پیش ہے کہ آیا اس ریزولیوشن کو جو متفقہ طور پر اس ایوان نے قبول کر لیا ہے ۔ آیا اس متفقہ resolution کو defer کرایا جائے اور وزیر صاحب کا انتظار کیا جائے ۔ یہ مسئلہ ابھی زیر بحث آیا اور آپ نے خصوصاً اس سوال کو دریافت فرمایا ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر اس سے قبل کہ ہم یہاں ایوان میں اس resolution کو متفقہ طور پر پاس کرنے کے وقت یہ مسئلہ

زیر بحث لائیں ۔ وزیر صاحب سے بات کر لیں اور اسے defer کر دیں اور اس پر چیمبر میں بھی گفتگو کر سکتے تھے ۔

معزز ممبر بتائیں کہ گورنمنٹ کو کیا مشکلات ہیں ۔ آیا فی الحال کر سکتے ہیں یا چھ سات یا آٹھ ماہ کے بعد ہو سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس پر گفتگو پہلے ہو جاتی تو اس طرح ایوان کا وقت ضائع نہ ہوتا ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Afzal Khan Khoso, what do you say about all these things which have taken place in this honourable House ? Do you want to defer it ?

سینٹ میں ڈیمانڈ اتنی کرنی چاہئے جتنی کہ اس کی اپنی استعداد ہو ورنہ اپنی حیثیت کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اس حیثیت سے مجھے سینٹ کے وقار کا بڑا خیال ہے ۔ ہم ڈیمانڈ اتنی کریں اور وہ پوری نہ ہو تو مجھے ذاتی طور پر بڑی رنجش ہو گی ۔ اب آپ اپنی رائے بتائیے ؟

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, as far as the question of Jacobabad and Sukkur travel is concerned, I think my friends Qazi Sahib and Qamaruz zaman Shah, have given valuable information to Maulana Sahib. As far as my suggestion goes, there will be so many resolutions concerning the different aspects of the social, political and economic life. So, if we start deferring them and seek the concurrence of the Minister concerned, I think, then we will be going away from the scope of the rules of business. So, it is not mandatory in the sense that they had to implement. The Government is not bound to implement resolutions whenever they are passed in the Senate. It is the view of the Senate, and if the Government do not have any serious implications, they do implement it. But if they have serious implications then, of course, it is known to the House that it is not binding on the Government. In these circumstances if the House passes it, I think, we will be within the procedural limits. Like that you have so many resolutions coming, and if for each one we start talking to the Minister first and then pass it then, I think, that will not be according to the procedure. So, I suggest that the House may consider the Resolution and if the House finds it fit, which I personally find, because it is not only the 7 lakh people of the Jacobabad District, but also an equal number of people of Baluchistan and the up-country part of the country. We are very backward, and slowly and gradually we are coming up. We want quick and speedy service, not only passenger service but also cargo service.

As I have said last time, Sir, supposing anybody's tractor gets spoiled and he wants some implements very urgently, then he has to wait for 15 days before he can get it. But if PIA service is there, you can get these within hours. So, this is a national loss if you have to wait for

your tractor to get spare parts after so long. There we have also so many indu tries; rice-husking mills, plants. If we run short of important material and we have to wait for 15 days before we get it, I think, it will be a national loss. That is why I suggested, not only for the convenience of the passengers but also for lifting of cargo when I talked about Jacobabad-Sukkur. There is a service from Sukkur. I know it very well. Sukkur is my adjoining district. From Sukkur it takes about three hours. But if you do not have your own conveyance—I th nk, I will suggest to Maulana Sahib to try once—it is so difficult to travel because there is no train service to connect the flight from Sukkur Airport. So, one has to depend upon the common conveyance and depend on the outmoded buses where 40 or 50 people travel, and as I said last time, equal number of animals travelling. So, that is not a very pleasant journey for a person who wants to travel by air if he has to travel these 50 miles in this crude manner. I do not think it will be a pleasant journey to board the plane also. So, my suggestion is that we have all the requirements; there is an airport. There is a suggestion that that airport is also a military airbase. So like that we have so many other airbases like Maripur and Chaklala. They have a section there which can be used commercially and in times of emergency, even commercial planes start doing military jobs. So, that reason alone will not be valid. I think, from the business point of view, from the passenger point of view and from the financial point of view, the Government would not go into loss if they start service linking Jacobabad and other main centres of the country.

جناب ڈپٹی چیئرمین : بہت خوشی کی بات ہے کہ وزیر مملکت برائے امور خارجہ تشریف لے آئے ہیں اور اس مسئلہ میں جو ایوان کے سامنے ایک مشکل تھی ، وہ دور ہو جائے گی ۔ پیشتر اس کے کہ میں ان کو دعوت دوں ۔ کوئی ممبر اس سمت سے تو نہیں بولنا چاہتا ؟

The consensus of the House is that there is a necessity of connection Jacobabad with Islamabad and Karachi but there was another opinion in your absence that without knowing your opinion, without knowing the difficulties of the Government, perhaps it would not be wise to pass it unanimously because if they do not implement it, it might injure the vanity of the House or it may cause a privilege motion as well. So, I now invite you to speak on the Resolution.

**Mr. Aziz Ahmed** (Minister of state for Defence and Foreign Affairs): I apologise for not being present from the very beginning. I was in the National Assembly, and I had left word that I should be informed immediately when the debat starts. But probably that was not done, and it is a pity that I missed having the benefit of views expressed here when this matter was last raised before this august House, in the form of a question. The answer given at that time was that it was not possible to link Jacobabad with Karachi and Islamabad, because firstly, the traffic potential was limited, and secondly, there was no runway, no airport and therefore, we will have to wait, at any rate, till an airport has been constructed. There was proposal to that effect, and it is my

information that it may take anything from two to five years to produce that airport.

Now, when all is said and done not merely because what you Sir, have been good enough to tell me about the consensus in the House, my own feeling is that a new link creates its own traffic and, therefore, one should not think, of the importance of this particular city only in terms of the traffic that is forthcoming now. I think, we have to make allowance for the fact that once there is an airlink established there would be an increasing demand for travel by air. I am not sure whether this particular factor has been taken into account in giving the answer which was given on the previous occasion. So, I do not personally attach any serious importance to this particular drawback. Before coming here I inquired what was the distance by road between Jacobabad and Sukkur. I think, it is 35 miles.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Fifty miles.

**Mr. Aziz Ahmed :** Fifty three miles.

Now, in my opinion there are two very important places we must link up by air one is Jacobabad, the other is Sibi. Unfortunately, Sibi is very far away from Sukkur. It is 105 miles from Jacobabad and from Sukkur even longer.

What I can assure this august House is that we are not going to wait until an airport has been built in Jacobabad to link it with Islamabad and Karachi. We will certainly go into the question of linking it by road—providing a coach service between Jacobabad and Sukkur, which will also mean inevitably the establishment of a Sales office in Jacobabad. We will go into that question, and I can assure you that we will go into that question with sympathy, and we would not look upon it as purely a matter of how much money we can make out of this particular new connection. I will also go into the question of what we can do about this other very important place Sibi. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Mr. Afzal Khan what do you want to say after the statement by the Minister of State on the subject.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, this is a Resolution. Last time I had also moved two questions—inter-connected questions, about which the honourable Minister of State has just mentioned. Although those questions have not come up before the House but they will come in due course. One of the questions was whether there were any plans......

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, we cannot just go after the things which are likely to come in the future. This will be in anticipation.

**Mr. Deputy Chairman :** What anticipation ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, my point is that the honourable Member is stating that he has put in certain questions about this very subject which are coming perhaps ten or any number of days after this. If we are going to discuss those questions now, it will be anticipation.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I am not discussing those questions. What I am saying is that the second part of my question was, "Is there any plan to link Jacobabad and Sukkur by coach service ?" That was the second part of my questions, which the honourable Minister has been pleased to clarify.

Now, Sir, my resolution as it stands is that we want an airlink but it is upto the honourable Minister concerned. If he thinks it more appropriate or if he can give priority to an airlink in this way that we first get a coach service plus a booking office, then I think this is a good start from my point of view, provided it is implemented within the shortest possible time because that should not require very much thinking or planning or consideration. So, under these circumstances if even this is given, we can wait for the ached air link for some time to come, although it will not the adjoining districts—I must be very clear rbout it, i. e. Sibi, Nasirabad and Kachi districts. These will districts will not be benefitted so much by this coach service but at last Jacobabad will be benefitted to a certain extent by this service.

**Mr. Deputy Chairman :** What is your position. Do you want to withdraw your Resolution after the assurance by the Minister of State ? Are you satisfied or do you want me to put the Resolution to the House ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, with this commitment and understanding and assurance given by the honourable Minister, who is also a Member of this august House, I would like to withdraw my Resolution.

**Mr. Deputy Chairman :** I have to ask the House for the permission. Is the House prepared to grant permission to the honourable Senator to withdraw his Resolution ?

**Voices :** 'Ayes'.

**Mr. Deputy Chairman :** The Resolution stands withdrawn.

**Next No. 3, Mr. Ghulam Rasool Siddiqui.**

## RESOLUTION RE : ENERGISATION OF WAPDA TUBEWELLS IN THE SOUTH OF GAMBAT TEHSIL

**Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui :** Mr. Chairman, Sir, with your permission I would like to move my Resolution :

"The Senate is of the opinion that 28 tubewells in the south of Gambat tehsil, District Khairpur, installed by WAPDA, be energised very soon for the cultivation of about 25,000 acres commanded by these tubewells."

**Mr. Deputy Chairman :** The Resolution moved is :

"The Senate is of the opinion that 28 tubewells in the south of Gambat tehsil, District Khairpur, installed by WAPDA, be energised very soon for the cultivation of about 25,000 acres commanded by these tubewells."

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Mr. Siddiqui, now you have a right to speak on the Resolution. Your time is 30 minutes.

**Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui :** In this regard, Sir, I tried with the Manager of WAPDA, and I had shown this place also to the concerned officers. These tubewells were sunk by Yugoslovian Company and very heavy expenses were incurred. Each tubewell is sunk down about three thousand feet, and the ground water is sweet in that place. It is about fifteen years back that Fibre tubes have been provided, heavy expenses have been incurred on it and there is a land round about these tubewells nearing about twenty five thousand acres. Each tubewell can cultivate more than six hundred to seven hundred acres of land. Therefore, these tubewells should be energised. Only a starter and a room for the person looking after the tubewell is needed.

We are already short of grain. A good amount of grain will come, and we will be saving our foreign exchange because of the cultivation of that portion of land which is lying without water and without cultivation. The people will also benefit and the grow-more food scheme will also be that way implemented. I, therefore, request the House that this resolution be passed particularly when the tubewells are already sunk, and only to start them a room is to be constructed on each tubewell.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اس ریزوولیشن پر اور کوئی صاحب بولیں گے؟

(میر تاج محمد خان جمالی کھڑے ہوئے)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ کی باری بعد میں آئے گی وزراء کو آخر میں کچھ کہنے کی اجازت ہے -

(سردار محمد اسلم اور جناب محمد افضل کھوسو کھڑے ہوئے)

**Mr. Deputy Chairman :** Yes Sardar Mohammad Aslam

سردار محمد اسلم : *جناب میں اس سلسلے میں گذارش کروں گا کہ جیسا کہ میرے دوست محمد افضل کھوسو نے ایک ریزولیوشن جیکب آباد اور کراچی کی پی - آئی - اے کے air link کرنے کے متعلق پیش کیا تھا اسی طرح یا تو اس ریزولیوشن کو بھی exhaustive بنا دیں کیوں کہ اس طرح سینٹ میں روزانہ اتنے ریزلیوشن آنا شروع ہو جائیں گے کہ ہر ڈسٹرکٹ میں ہر تحصیل میں ٹیوب ویل چاہیے بجلی چاہیے ، کنکشن چاہیے ultimately یہاں تک جائیں گے کہ ہرگھر میں بجلی کا کنکشن چاہیے - یا تو اس کا جواب جالی صاحب اب بیٹھے ہوئے ہیں ابھی دے دیں تا کہ ممبر صاحب satisfy ہو جائیں ہاؤس بھی satisfy ہو جائے گا یا اس ریزولیوشن کی amendment کی اجازت دے دیں تاکہ exhaustive ہو جائے کیوں کہ ٹیوب ویل جتنا جیکب آباد میں important ہو گا یا سکھر میں important ہو گا اتنا ہی important ہزارہ میں ہو گا ، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہو گا اور اس طرح چلتے جائیں گے تو سینٹ میں ریزولیوشن ہی ریزولیوشن ہوتے جائیں گے - میری اپنی opinion یہ ہے کہ اس ہاؤس کو ریزولیوشن بہت کم پاس کرنے چاہییں اور جو ریزولیوشن پاس کرے پھر ہاؤس اس قابل ہو کہ وہ اس ریزولیوشن کو implement کرائے - سال میں ایک ریزولیوشن ہو اور وہ implement ہو جائے تو اس طرح ہاؤس کی dignitymaintain ہو تو بڑی اچھی بات ہے وگرنہ اب جالی صاحب بیٹھے ہیں ان کو satisfy کر دیں تو ٹھیک ہے - باقی ممبر اس پر کیا کہیں گے کون نہیں کہے گا کہ ٹیوب ویل نہیں چاہیے - کون سے ممبر صاحب ایسے ہوں گے جو یہ کہیں گے کہ ان کو connection نہ دیا جائے ہم تو کہیں گے کہ ان کو بھی دیا جائے اور باقی districts کو بھی دیا جائے مگر جیسے آپ نے پہلے رولنگ دی ہیں اس لیے میں amendment لانے تک نہیں جاتا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : ایسی کوئی بات نہیں - میں نے رولنگ دی ہے میں نے نیا چیئرمین بلوا لیا ہے وہ میری رولنگ پر الگ رولنگ دے سکتا ہے - وہ تو کوئی بات نہیں ہے آپ جاری رکھیں جب تک نیا چیئرمین نہیں آ جاتا -

*Speech not conected by the honourable Senator.

سردار محمد اسلم : اس oral amendment کی ۔

All tubewells lying in effective without energy in the contry may be energised earlier.

اجازت دے دیں یا پھر ٹھیک ہے ۔ جمالی صاحب ان کو satisfy کر دیں

(اس مرحلے پر غلام رسول اے صدیقی صاحب کھڑے ہوئے)

صدیقی صاحب آپ کو ضرور rebuttal میں بولنے کی اجازت ہے پھر اس کے جواب میں آپ بولیں ۔

[At this stage the Chair was vacated by Mr. Deputy Chairman and Occupied by Presidening Officer, Mr. Ahmad Waheed Akhtar]

**Mr. Qamaruz Zaman Shah** : With all due respects to Sardar Aslam, I would humbly suggest now, as I said last time also, that if he thinks, or if he finds that the tubewells all around in the country have not been energised, nobody stops him from bringing a resolution saying that the tubewells all around should be energised. Now, if there is a demand which is brought in a resolution saying that in a particular area, may be he is aware only of that particular area where the tubewells are not energised, how does he know whether in D. I. Khan there were tube-wells which were sunk and whether they have been energised or they have not been energised ? It is merely strange to say that a person should either talk about the whole country, whether he knows it or not, or he should not talk about any area. This is surprising. This debate had taken so much .....

سردار محمد اسلم : پوائنٹ آف آرڈر سر !

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اب تو پوائنٹ آف آرڈر ہو گیا ۔

سردار محمد اسلم : میں نے قطعاً اعتراض نہیں کیا کہ انہوں نے کیوں سوال کیا ہے ۔ آپ ریکارڈ نکلوا کر دیکھ لیں میں نے یہ نہیں کہا کہ یہ ریزولیوشن صدیقی صاحب نے کیوں پیش کیا ہے کہ جیسا کہ پہلے چیئرمین صاحب کے اپنے فرمانے کے مطابق اور ہاؤس کی اپنی opinion یہ تھی کہ منسٹر آف اسٹیٹ فار فارن افیرز ، مسٹر عزیز احمد تشریف لائیں اور وہ یہ بتلائیں کر اگر ہو سکتا

ہے تو ہاؤس اس کو adopt کرے اگر نہیں ہو سکتا تو وہ کوئی assurance دے دیں ۔ اس لئے میں نے کہا تھا کہ اگر جمالی صاحب ان کو assurance دے دیں تو ٹھیک ہے کیونکہ باقی جتنے ممبر صاحبان میں اتنے سارے ریزولیوشن آتے جائیں گے ۔ میں نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ صدیقی صاحب کے ریزولیوشن پر یا تو اس کو جنرل کر دیں یا پھر ان کو جمالی صاحب assurance دے دیں تو ٹھیک ہے میں نے یہ اعتراض نہیں کیا صدیقی صاحب کیوں یہ ریزولیوشن لائے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : سردار صاحب آپ کو موقع ملیگا ۔ جمالی صاحب اس سلسلے میں وضاحت کر دیں گے اب شاہ صاحب بات کر رہے تھے تو آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر لیا ۔

سردار محمد اسلم : شاہ صاحب نے کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ وہ ملک کی بات نہ کریں میں نے منع کیا ؟ میں نے منع نہیں کیا میں کہتا ہوں کہ ریزولیوشن آئیں ۔ میں نے کس وقت کہا ہے کہ ۔ ۔ ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ کی بات کی مزید وضاحت ہو گئی ہے اور جو بات آپ کرنا چاہتے تھے وہ یقیناً شاہ صاحب نے محسوس کر لی ہوگی ۔ تو اب شاہ صاحب اظہار خیال فرمائیں ۔

**Mr. Qamaruz Zaman Shah** : Sir, Sardar Sahib happens to be a very senior Member. He knows that a ruling has been given by the Chair that a resolution cannot be amended. We cannot reopen a debate on it and we cannot tell the Chair to set aside the ruling which was given only five minutes back. All that he tried to argue was, either no resolution should come or if it comes then the amendments should be permitted.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس سے آگے بات بڑھائیے ۔

**Mr. Qamaruz Zaman Shah**: All right, Sir. I would say that no further debate is necessary. Let the honourable Minister give a reply.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : افضل صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے تھے ؟

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Mr. Chairman, Sir, as far as the question of tubewells throughout the country is concerned, it is our country and we are duty-bound to see and request the Minister concerned that they

should be energised. But as things stand, Sir, Mr. Siddiqi happens to know about these 28 tubewells. So, he has given that suggestion, in the form of a resolution that they should be energised and that they are lying idle. All these 28 tubewells, if they are lying idle, are causing a national loss. Sir, if other resolution will come, I think, we will have the same attitude towards those resolutions. Now, it is fortunate that the Minister concerned is here, and if actually they are lying idle, I will request the Minister and this House also that they should be energised as soon as possible. Thank you.

**Syed Qaim Ali Shah Jillani** (Minister of state for Industries) : Sir, a few words in this connection......

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کیانی صاحب پہلے کھڑے ہوئے ہیں - وہ بات کر لیں اس کے بعد آپ بات کریں -

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** میں اس سلسلے میں یہ گذارش کرنا چاہتا تھا کہ جہاں تک صدیقی صاحب کی اس قرار داد کا تعلق ہے ۔ وہ کوئی معمولی قرار داد نہیں ہے کیونکہ ان کی قرار داد کے مطابق ۲۸ ٹیوب ویل بجلی نہ ملنے کی وجہ سے بیکار پڑے ہیں اور اگر انہیں بجلی مل جائے تو ۲۵ ہزار رقبہ زیر کاشت لایا جا سکتا ہے - چنانچہ اتنے زیادہ رقبے کا بیکار ہونا بجلی کے نہ ملنے کی وجہ سے یہ سندھ کا سوال نہیں ہے یا پنجاب کا سوال نہیں ہے ، بلکہ یہ پورے ملک کا نقصان ہے ۔ اس لیے میں اس قرارداد کی پرزور تائید کرتا ہوں اور متعلقہ منسٹر صاحب سے گذارش کرتا ہوں کہ وہ اس پر غور کریں - تاکہ یہ مسئلہ حل ہو جائے -

**Syed Qaim Ali Shah Jillani :** Sir, I had only to subscribe the views expressed by Mr. Siddiqui. Actually, I know about this scheme which was launched by the then West Pakistan Government in Khairpur and at that time about 15 crores of rupees were invested by the Government. I think, if these tubewells which were installed some 15 to 20 years back are not energised, the government money will go waste. So, it is important that these tubewells should to energised as soon as possible as the feasibility of these tubewells has been enormous. He has said and, I think, if not 25,000 at least thousands of acres will be cultivated if these tubewells are energised. Thank you.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میری سمجھ میں نہیں آیا ہے - انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان ۲۸ ٹیوب ویلوں کو نصب کئے ہوئے پندرہ بیس سال ہوئے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان پر کتنے روپے خرچ ہوئے ہیں - مجھے

اس بات کی سمجھ نہیں آئی کہ ۱۵ کروڑ روپے کیسے صرف ہوئے۔ وہ ٹیوب ویل پندرہ بیس سال سے کھڑے ہوئے ہیں، وہ تو اب ختم ہو گئے ہوں گے۔

**Syed Qaim Ali Shah Jillani**: I am sorry, I did not like to explain in detail. Actually, Sir, the scheme was for whole Khairpur District, and about 500 tubewells were to be installed, and actually they have been installed, and 15 crores have been invested on 500 tubewells plus the drains have also been excavated to drain out the seepage water. So, Sir, it is not only for 28 tubewells plus the drains which were dug along with these tubewells. So, therefore, I think, Sir, only these 20 to 28 tubewells are left which are not energised. The other tubewells were energised and they are working satisfactorily. Other tubewells were energised in different parts of Khairpur but only these 28 tubewells are left which need electricity. Thank you.

**خواجہ محمد صفدر**: تو اب بات سمجھ میں آئی ہے۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر**: میرے خیال میں ۔۔۔

**خواجہ محمد صفدر**: کم از کم ہمیں اپنی رائے دینی ہے۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر**: تو شاہ صاحب ہی ان ٹیوب ویلوں کے متعلق وضاحت فرمائیں گے۔

**خواجہ محمد صفدر**: جی ہاں انہی ٹیوب ویلوں کے متعلق ہے۔

جناب چیئرمین! میں اب بھی نہیں سمجھ سکا کہ ۱۵ سال سے یا ۲۰ سال سے، جیسی بھی صورت ہے، یہ ۲۸ ٹیوب ویل کیوں بیکار پڑے ہیں۔ اگر پانچ سو یا پونے پانچ سو انرجائز ہو چکے ہیں تو یہ ۲۸ ٹیوب ویل کیوں نہیں ہوئے؟ ایسی بات تو کہیں نہیں ہے کہ ان کا پانی شور ہو۔ اب وہ فائدہ جو کہ میٹھے پانی کا ہونا چاہیئے نہ ہو رہا ہو۔ کیا ایسا تو نہیں ہے کہ ان ٹیوب ویلوں کو جن کو sink کیا گیا ہے، گاڑا گیا ہے، ٹیوب ویلوں کے پائپ چار چار سو یا پانچ پانچ سو فٹ زمین میں گاڑے جاتے ہیں، کیا ان کے پائپ جو کہ ۱۵ سال سے زمین میں ہیں، کیا ختم تو نہیں ہو گئے ہیں؟ ان ساری باتوں کا پتہ ہونا چاہیئے، پھر ہم کوئی رائے دے سکتے ہیں۔ فرض کیجئے کہ پانی شور ہے، تو وہاں بجلی کا لے جانا بھی تضیع اوقات بھی ہوگا

اور تضیع مال بھی ہوگا اگر فرض کیا جائے کہ ان کی نالیاں خراب ہو چکی ہیں ' ان کے پائپ برباد ہو چکے ہیں ، ۱۵ سال کی لمبی مدت میں مٹی پائپ کو کھا جاتی ہے اور اس بنا پر وہ ختم ہو جاتے ہیں ' اگر ایسا ہے تو ان کو انرجائز کرنا بیکار ہے - ان کے کوائف کا بھی علم ہونا چاہیے وزیر متعلقہ یا اس تحریک کے محرک ارشاد فرمائیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** وزیر متعلقہ تشریف رکھتے ہیں وہ بیان فرماتے ہیں -

**جناب تاج محمد خان جمالی :** جناب والا ! آپ خوہ مخواہ ان کو اتنی لمبی چوڑی اجازت دے دیتے ہیں - جناب والا ! مسئلہ یہ ہے کہ یہ ۲۸ ٹیوب ویلوں کا ذکر کر رہے ہیں -

جناب والا ! ۲۸ ٹیوب ویل سے ۲۵ ہزار ایکڑ زمین آباد ہوتی ہے - پنجاب میں زیادہ سے زیادہ پچاس ساٹھ ایکڑ زمین ایک ٹیوب ویل سے آباد ہوتی ہے -

جناب والا ! آج سے ۱۵ سال پہلے کچھ کروڑ ھا سے سکارپ اسکیم ڈرینیج کے بارے میں شروع کی گئی تھی - جب وہ ڈرینیج کا سلسلہ مکمل ہو گیا اور واٹرلاگنگ کم ہو گئی تو یہ جو ۵۰۰ ٹیوب ویل لگائے گئے تھے ان میں سے ۲۸ کی پوزیشن یہ ٹھری کہ وہ اس ڈرینیج کے ساتھ کچھ تعلق رکھتے تھے تو پانی کہیں کچھ بریکش ہونے کی وجہ سے ، کہیں نالیاں نہ ہونے کی وجہ سے ، ظاہر ہے کہ وہاں کی اراضی گورنمنٹ کی نہیں تھی ، وہ تو وہاں کے لینڈ لارڈز یا غریب کسانوں کی تھی ، تو اس وقت جب سکارپ پروگرام مکمل ہوگیا تو واپڈا نے وہاں سے اپنا بوریا بستر اٹھا لیا تو اس لئے وہ پائپ لگے رہ گئے - ۲۸ میں سے دو کی نالیاں پھٹ گئیں اور ۲۶ میں سے ۲۱ پر گاؤں والوں نے مٹی وغیرہ ڈال دی اس طرح ان کی چیزیں ضائع کر دیں - تو اب پوزیشن یہ ہے کہ ہم ان ٹیوب ویلوں کو صوبائی حکومت کی تحویل میں دینے کے لئے تیار ہیں لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ٹیوب ویل

ایک ہی لائن میں ہوں ۔ ان میں کوئی ۱۰ میل کے کوئی ۲۰ میل ، اور کوئی ۳۰ میل کوئی ۴۰ میل کے فاصلے پر ہے ۔ واپڈا اگر بجلی فراہم کرے تو اس سے واپڈا کو کیا فائدہ ہوگا ۔ اس میں واپڈا کو نقصان ہوگا کیونکہ ایک میل کی لائن لیجانے میں ہمارے ۵۰ ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں اور کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن اس کے باوجود میں یقین دلاتا ہوں کہ ان کو ، صوبائی حکومت کو ٹرانسفر کر سکتے ہیں ، تحفہ پیش کر سکتے ہیں

خواجہ محمد صفدر : تحفے کے طور پر ؟

جناب تاج محمد خان جمالی : جی ہاں ، میں صدیقی صاحب سے گذارش کرتا ہوں کہ اگر وہ لوگوں کے نام دیں ، تو ہم ان کو صوبائی حکومت کے حوالے کر دیں گے ۔ ہم ان ٹیوب ویلوں کو دینے کے لئے تیار ہیں لیکن یہ واپڈا کے مفاد میں نہیں ہے کہ وہ ان کو چلائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس یقین دہانی کے بعد وہ اپنے اس ریزولیوشن کو پریس نہیں کریں گے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : صدیقی صاحب ، متعلقہ وزیر صاحب کی وضاحت کے بعد اب یہ ممکن نہیں رہا کہ آپ اس مسئلہ کو الجھائیں ۔ اب اس میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

جناب غلام رسول اے صدیقی : وزیر موصوف نے جو وضاحت فرمائی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو یہ اطلاعات غلط دی گئی ہیں ۔ اول تو ان ٹیوب ویلوں کے پائپ فیبر ٹائپ ہیں جو ایک سو سال سے لیکر دو سال تک خراب نہیں ہوتے ۔ یہ پائپ ایک ڈائی میٹر کے ہیں ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ۵۰ ایکڑ اراضی ایک ٹیوب ویل آباد کر سکتا ہے یہ ان کی اطلاع غلط ہے ۔ ایک فٹ ڈائی میٹر کے پائپ والے ٹیوب ویل تقریباً سات آٹھ سو ایکڑ تک زمین آباد کرسکتے ہیں ۔ تیسری چیز جو کہ انہوں نے کہی ہے کہ یہ ٹیوب ویل ۳۰ اور ۴۰ میل کے ایریا میں ہیں ۔ یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ یہ سب ۱۰ میل کے اندر ہیں ۔ یہ ویران ایریا ہے اور اس ایریا کی ساری زمین غیر آباد ہے ۔ اس کے علاوہ جو وزیر موصوف نے کہا کہ یہ واپڈا کے interest میں نہیں تھا

کہ salinity کو کنٹرول کرے اور ہم یہ ٹرانسفر کرنے کے لئے تیار ہیں تو اگر وہ سندھ گورنمنٹ کو ٹرانسفر کریں گے تب تو ٹھیک ہے ۔ ہم پھر سندھ گورنمنٹ کو پریس کریں گے کہ ان کو انرجائز کرے ۔ اس کے علاوہ بجلی کی لائن بالکل ان کے قریب سے گزرتی ہے اور اس میں کوئی دقت نہیں ہے ۔ اس کا پانی چھ سات سو ایکڑ زمین آباد کر سکتا ہے ۔ یہ بہت بڑے ٹیوب ویل ہیں ان کے پائپ فبر ٹائپ کے بنے ہوئے ہیں ۔ یہ بالکل خراب نہیں ہوئے ہیں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : صدیقی صاحب ، قطع کلامی معاف ، وزیر موصوف نے یقین دہانی کرا دی ہے اب اس کے بعد آپ یہ فرمائیں کہ آپ اس ریزولیوشن کو پریس کریں گے یا ڈراپ کریں گے ؟

جناب غلام رسول اے صدیقی : اگر وہ ٹرانسفر کریں گے ۔ ۔ ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : انہوں نے تو وعدہ فرمایا ہے کہ وہ تیار ہیں ۔ اب آپ نے کاشتکاروں اور لوگوں کو تیار کرنا ہے ۔

جناب غلام رسول اے صدیقی : اگر وہ تیار ہیں تو

I do not press.

جناب تاج محمد خان جمالی : ٹھیک ہے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اب اس میں صورت یہ ہے کہ اسے ہاؤس کی اجازت سے وڈڈرا ہونا ہوگا ۔

سوال یہ ہے :

"کہ جناب غلام رسول اے صدیقی کو اپنی یہ
تحریک واپس لینے کی اجازت ہے"

(تحریک منظور کی گئی)

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اب اگلی آئیٹم -

Item No. 4. It is also in the name of Mr. Ghulam Rasool Siddiqui.

## RESOLUTION RE: COMPULSORY EDUCATION UPTO FIFTH STANDARD

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ بھی صدیقی صاحب کے نام کی ہے - صدیقی صاحب ریزولیوشن موو کر لیں اس کے بعد مجھے عرض کرنا ہوگا -

**Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui:** With the permission of the Chair, I beg to move the following Resolution.

> "That the Senate is of the opinion that Education be made compulsory in Pakistan at least upto 5th standard in the first instance."

جناب صدارت کنندہ آفیسر : صدیقی صاحب ہمیں اس سے پہلے تجربہ ہوا ہے افضل کھوسو صاحب کے ریزولیوشن کے سلسلے میں کہ جس وقت انہوں نے اظہار خیال فرمایا تو متعلقہ وزیر صاحب موجود نہ تھے اور بعد میں ہمیں ان کا انتظار بھی کرنا پڑا اور وہ وقتی طور پر دوستوں کی آراء سے واقف نہ ہو سکے - تو کیا آپ یہ مناسب خیال فرمائیں گے کہ اس کو آج ہی لیا جائے یا اسے ڈیفر کر دیا جائے - اس وقت تک جب تک وزیر موصوف موجود ہوں ؟

جناب غلام رسول اے صدیقی ! میں اس سلسلے میں عرض کروں کہ ہر ڈیپارٹمنٹ کا ایک منسٹر آف اسٹیٹ ہوتا ہے معلوم نہیں کہ یا تو سینٹ کے ہاؤس کا وزن نہیں ہے یا ہاؤس کی وہ عزت نہیں ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : جناب صدیقی صاحب بات یہ ہے کہ آپ فرما رہے تھے کہ منسٹر آف اسٹیٹ بھی ہوتا ہے - جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے اور جہاں تک میری یادداشت کام کرتی ہے وزیر تعلیم کا کوئی وزیر مملکت برائے تعلیم نہیں ہے - وزیر موصوف اس وقت غالباً نیشنل اسمبلی کے اجلاس میں مصروف ہوں گے تو اس اعتبار سے میں عرض کر رہا تھا کہ اگر ہاؤس کی مرضی ہے تو یہ خاصہ اہم ریزولیوشن ہے ، بہتر یہ ہے کہ جب وزیر موصوف ہوں تو اس پر گفتگو کی جائے -

جناب محمد افضل خان کھوسو : یہ تو ہاؤس کا ریزولیوشن ہے یہ تو ہاؤس کی مرضی ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مولانا صاحب کے بعد کھوسو صاحب -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں آپ کی اجازت سے عرض کروں گا - جیسا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے ریزولیوشن محرک نے پیش کر دیا ہے - اب، محرک جو ہیں انہیں بصورت تحریک اس کو پیش کرنا چاہیئے - غالباً آپ کو بھی اس میں کوئی اعتراض نہ ہوگا وقت ہمارے پاس موجود ہے - بجائے اس کے کہ ہم محترم وزیر صاحب کا انتظار کریں ، میرے خیال میں ابھی اس کی اس مرحلے پر ضرورت نہیں ہے - اس وقت جب اس پر بحث مکمل ہو جائے گی پھر اس وقت ان کی رائے معلوم کرنے کی ضرورت محسوس ہوگی - میری نا چیز رائے یہ ہے کہ آپ غلام رسول صاحب کو جو کہ محرک ہیں انہیں اجازت دیں کہ وہ اس کو پڑھیں اور اس کو پڑھنے کے بعد معزز اراکین ایوان اپنی رائے کا اظہار فرمائیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرے خیال میں معزز اراکین سے اس بارے میں کہ جو ابھی گفتگو کرنے کے حق میں ہیں رائے معلوم کر چکا ہوں - مولانا صاحب آپ اکیلے ہی ہیں -

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, on this point alone, I must say that this is a very important Resolution. So, I think, that if the Minister concerned was present here and listening to all the view points. that will not only help him but also help the House, and he may be able to give us his opinion. The Resolution is before you, and the resolutions were not pressed beyond that. So, I feel and it is not my personal feeling but the feeling of the whole House, that if the Minister concerned was to make it convenient to come on some other time and listen to all the view points, it will help him and help the whole House. I fully support the Resolution and I will speak on it but, I think, the discussion should be heard by the Minister concerned.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو دو آراء ہمارے سامنے ہیں - ایک تو یہ کچھ اب اس پر گفتگو کی جائے ، دوسرا یہ کہ اس کو ملتوی کیا جائے تو سوائے مولانا صاحب کے سب نے اس کے ملتوی کرنے کے حق میں رائے دی ہے - آج گفتگو کرنے کے حق میں صرف مولانا صاحب کی رائے ہے -

جناب غلام رسول اے صدیقی : جناب والا ! میں عرض کروں اس ریزولیوشن کو سننے کے بعد خواجہ صاحب بھی اٹھ کر چلے گئے ہیں - میں عرض کروں کہ اس دن گفتگو ہو جب ہاؤس فل ہو کیونکہ یہ خاصہ اہم ریزولیوشن ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو میں محسوس کرتا ہوں کہ اس کو کسی ایسے دن پر ملتوی کر دیا جائے جب کہ وزیر صاحب بھی یہاں تشریف فرما ہوں اور پھر اس پر بات چیت کی جائے - تو جہاں تک غلام رسول صاحب کے اس ریزولیوشن کا تعلق ہے جو ایجنڈے پر نمبر ۲ پر ہے تو یہ اس وقت تک ملتوی کیا جاتا ہے کہ جب تک وزیر موصوف یہاں موجود ہوں -

**Mr. Afzal Khan Khoso** : He has according to the rules moved the Resolution.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ریزولیوشن تو رہے گا - موو آپ نے کیا ہوا ہے اس کو ملتوی کیا جا رہا ہے - تو اس کے بعد میں موشنز جو رول ۱۸۷ کے تحت ہیں - میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ وہ تمام موشنز جو پانچ چھ سات ہیں ان تمام پر مجھے نظر آتا ہے کہ متعلقہ وزیر صاحب کی موجودگی ضروری ہے - تو ایوان کی کیا رائے ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو آپ کی اس رائے کے ساتھ تمام موشنز جو آج کے ایجنڈے پر ہیں اس وقت تک ملتوی کئے جاتے ہیں جب تک کہ متعلقہ وزیر صاحب یہاں موجود ہوں -

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Let the Minister come and hear what we want.

جناب صدارت کنندہ : تو آپ کی اس رائے کے ساتھ تمام موشنز جو آج کے ایجنڈے پر ہیں اس وقت تک ملتوی کئے جاتے ہیں - جب تک کہ متعلقہ وزیر صاحب یہاں موجود ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب متعلقہ وزراء یہاں موجود ہوں میرے خیال میں یہ پرائیویٹ ممبر ڈے سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے پرائیویٹ ممبر ڈے تک ملتوی کیے جائیں اور محترم وزراء صاحبان کو ہدایت کی جائے کہ وہ تشریف لائیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میری گذارش تھی کہ آج وہ نیشنل اسمبلی کے اجلاس میں مصروف ہیں آپ کے علم میں بھی ہے - پہلے یہ ہوتا رہا ہے کہ جس وقت ہماری صبح کی نشست ہوتی تھی تو ان کی شام کی نشست ہوتی تھی اور وزراء صاحبان تشریف لاتے ہیں تو یہ آئیندہ ممبر ڈے تک ہی ملتوی کیئے جاتے ہیں - تو یہ ہوتا رہا ہے کہ ہفتے کی نشست نہیں ہوتی تو پیر کو صبح بیٹھ سکتے ہیں یا شام کو ٹھیک ہے -

معزز ممبران : شام کو ٹھیک ہے -

راؤ عبدالستار : میرے خیال میں شام کو مغرب کے بعد رکھ لیجیے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ٹھیک ہے تو پھر شام کو پانچ بجے -

خواجہ محمد صفدر : شام کو پانچ بیس پر نماز پڑھتے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شام کو ساڑھے پانچ بجے -

The House stands adjourned to meet again on Monday at 5. 30 p. m.

---

The House adjourned to meet again at half-past five of the clock in the evening on Monday, November, 17, 1975.

---